© rasailojaraid.com



شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

## رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل جناب دکتور عبداللہ عمر نصیف اور افغان عبوری حکومت کے صدر جناب پروفیسر صبغۃ اللہ مجددی کی دارالعلوم تشریف آوری

۲ رجون ۱۹۸۹ء بروز جمعہ! رابطہ عالم اسلامی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جناب دکتور عبداللہ عمر نصیف جب گذشتہ دنوں پاکستان کے دورے پر تشریف لائے تو انہوں نے از خود مرکزِ علم دارالعلوم حقانیہ کے تعارفی اور مطالعاتی دورہ اور دارالعلوم کے مہتمم مولانا سمیع الحق مدظلہ سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا ——— عرب علماء، سکالروں اور اپنے رفقاء سمیت دارالعلوم حقانیہ حاضر ہونے کی خواہش ظاہر کی۔ مولانا سمیع الحق مدظلہ اور دارالعلوم کے اکابر اساتذہ ومشائخ نے ان کی تشریف آوری کو دارالعلوم کی علمی ودینی خدمات اور بین الاقوامی سطح پر اس کا اعتراف قرار دیتے ہوئے اسے خوش آئند قرار دیا۔ چنانچہ موصوف حسب وعدہ معینہ وقت پر بروز جمعۃ المبارک تقریباً ایک بجے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے تو دارالعلوم کے مہتمم مولانا سمیع الحق، نائب مہتمم مولانا حافظ انوار الحق، طلبہ واساتذہ، اکابر علماء، معززینِ شہر اور جمعیۃ علماء اسلام کے مرکزی و پارلیمانی راہنماؤں مولانا قاضی عبداللطیف سینیٹر، مولانا شہید احمد ایم این اے، مولانا نعمت اللہ ایم این اے نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ طلبہ نے دو رویہ کھڑے ہو کر استقبالیہ فلک شگاف نعروں سے اضیافِ مکرم کے لیے دیدہ و دل بچھا دیے۔

جناب دکتور عبداللہ عمر نصیف کے ارکانِ وفد میں افغان عبوری حکومت کے صدر جناب پروفیسر صبغۃ اللہ مجددی، جناب شیخ عبدالمجید زندانی وزیر الیمنی، جناب شیخ فتحی مصری کے علاوہ کئی ایک نامور عرب سکالر اور دانشور بھی شامل تھے ——— مہمانوں نے مولانا سمیع الحق مدظلہ کی معیت و راہنمائی میں سب سے پہلے تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول کا معائنہ کیا۔ نصابِ تعلیم، طلبہ کی تربیت، اساتذہ کا تعلیمی طریقِ کار اور طلبہ کی دینی شکل وصورت اور ذہانت اور نظم وضبط دیکھ کر بے حد متاثر ہوئے اور اپنے مختصر خطاب میں انہیں بڑے حوصلہ افزا کلمات سے نوازا ——— وہاں سے فارغ ہوئے تو دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات، دفتر اہتمام، دارالافتاء، مؤتمر المصنفین، ماہنامہ الحق، شعبہ تخصص فی الفقہ، دارالحفظ والتجوید کا اجمالی معائنہ



© rasailojaraid.com